## سانحہ 31، اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ بھی ایم کیوایم پر گھناؤنا وار تھا، الطاف حسین

## سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، شہداء کو زبردست خراج عقیدت

## 23ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔30، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حق پرستی کی تحریکوں میں قربانیوں کی زندہ مثالیں موجود ہیں اور سانحہ 31، اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ کے شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ سانحہ سہراب گوٹھ 31اکتوبر 1986ء کے شہداء کی 23ویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کٹھن اور مشکل مراحل پر مشتمل ہے اور سانحہ 31، اکتوبر 1986ء سہراب گوٹھ بھی ایم کیوایم پر گھناؤنا وار تھا کراچی سے حیدرآباد جانے والے ایم کیوایم کے قافلوں پر سرکاری ایجنسیوں کی سرپرستی میں سہراب گوٹھ پر مسلح دہشت گردوں نے حملہ کرکے ایم کیوایم کے درجنوں کارکنوں کو بے دردی سے شہید اور زخمی کردیا گیا۔ نظریاتی تحریکوں کی کامیابی میں شہداء کی قربانیوں کا بہت بڑا حصہ ہوتا ہے اور ایم کیوایم کے شہداء نے حق پرستی کے فکروفلسفہ اور نظریہ کی خاطر اپنے خون کی لازوال قربانی دیکر تحریک کو جلا بخشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے کہ آج ایم کیوایم کا پیغام کشمیر کے بعد گلگت بلتستان میں بھی پھیل چکا ہے اور ملک بھر کے عوام میں پھیلائے گئے ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کا اثر زائل ہوچکا ہے اور اب عوام ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے فکروفلسفہ اور نظریہ کی بقاء کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہید کارکنان قیمتی سرمایہ ہیں اور حق پرست شہداء کی قربانیوں کے صدقے ہی ایم کیوایم اپنے مقصد اور مشن میں ایک دن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ ہمیشہ تحریک کے شہداء کو یاد رکھیں، شہداء کے لواحقین کی خبرگیری کریں اور جن مقاصد کیلئے حق پرست شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے اس مقصد ومشن کے حصول کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ سہراب گوٹھ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے تحت سانحہ 31، اکتوبر 86ء کے شہداء کی 23ویں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں منائی جائے گی

کراچی۔۔۔30، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ 31، اکتوبر 1986ء کے شہداء کی 23ویں برسی کل بروز ہفتہ 31اکتوبر کو کراچی سمیت ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی۔ برسی کے سلسلے میں، صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد، صوبہ بلوچستان، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ برسی کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں بعد نماز ظہر منعقد ہوگا جس میں شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ 31، اکتوبر 1986ء کو پکا قلعہ حیدرآباد میں منعقد ہونے والے ایم کیوایم کے دوسرے بڑے جلسہ عام میں شرکت کیلئے کراچی سے حیدرآباد جانے والے ایم کیوایم کے کارکنوں کے جلوسوں پر سہراب گوٹھ اور حیدرآباد میں مارکیٹ چوک کے مقامات پر مسلح دہشت گردوں نے اندھادھند فائرنگ کی تھی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے متعدد کارکنان شہید اور درجنوں زخمی ہوگئے تھے۔

## پیپلز پارٹی پنجاب اور تحریک جعفریہ کے متعدد رہنماؤں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## حاجی مختار علی بھٹی، باباصداقت علی، مرید حسین سندھو اور سید اعجاز حسین شمسی کا الطاف حسین کی قیادت پر اظہار اعتماد

## عوام دشمن اقتدار مافیا قائد تحریک الطاف حسین کے حق پرستانہ انقلابی نظریے سے خوف زدہ ہے، سیف یار خان

لاہور ۔۔۔ 31 اکتوبر 2009ء

پیپلز پارٹی پنجاب اور تحریک جعفریہ کے متعدد سرگرم رہنماؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکروفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے کارکنوں اور حامیوں کی بڑی تعداد کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ پیپلز پارٹی پنجاب کونسل کے رکن حاجی مختار علی بھٹی، پیپلز پارٹی لاہور کے سینئر نائب صدر باباصداقت علی، پی پی پی یوسی 14 کے سینئر نائب صدر مرید حسین سندھو اور تحریک جعفریہ لاہور کے صدر سید اعجاز حسین شمسی نے گزشتہ روز لاہور کی بابا

فرید کالونی میں حیدری چوک، کوٹ لکھپت پر منعقدہ ایک بڑے اجتماع میں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے کا باقاعدہ اعلان کرتے ہوئے جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھر پور اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت، ایم کیو ایم پنجاب کے رہنما عنصر علی بٹر، رانا فرحت ایڈوکیٹ، مقصود اعوان ایڈوکیٹ، کرنل (ر) آغا جہانگیر، لاہور کے معززین اور علاقے کے عام شہری بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والی ممتاز سیاسی شخصیات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ عوام دشمن اقتدار مافیا قائد تحریک الطاف حسین کے حق پرستانہ انقلابی نظریے سے خوف زدہ ہے، یہی وجہ ہے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے پورے پاکستان خصوصاً پنجاب میں الطاف حسین کے خلاف انتہائی گھناؤنا پروپیگنڈا کیا گیا تاکہ غریب اور متوسط طبقے کے عوام کو الطاف حسین کی حق پرست تحریک سے دور رکھا جاسکے لیکن حق آنے کیلئے اور باطل جانے کیلئے ہوتا ہے، آج پنجاب کے عوام یہ بات اچھی طرح جان گئے ہیں کہ الطاف حسین حق پر ہیں اور یہ بھی کہ غریب و متوسط طبقے کے عوام اپنے جائز حقوق صرف الطاف حسین کی قیادت میں ہی حاصل کر سکتے ہیں، اب وہ وقت دور نہیں جب جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے استحصالی باطل نظام کا مکمل طور پر خاتمہ ہو جائے گا۔

## ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے نے ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کی جانب سے جاری ناانصافیوں اور محرومیوں کے خلاف عملی جدوجہد کا آغاز کر دیا ہے، سیف یار خان (رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ)

## جناب الطاف حسین ہی ملک کے وہ عظیم رہنما ہیں جن کے قول و فعل میں کوئی تضاد نہیں ہے اور وہ ملک بھر کے غریب و مڈل کلاس طبقے کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں، مرید کے شہر سے مغل برادری، رانا برادری، جٹ برادری کے افراد کی ایم کیو ایم میں شمولیت کے موقع پر تاثرات

شیخوپورہ۔۔۔30، اکتوبر 2009ء

شیخوپورہ کی تحصیل مرید کے شہر سے مغل برادری، رانا برادری، جٹ برادری کے درجنوں نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور غریب و متوسط طبقہ کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم مرید کے کے زیر اہتمام منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں مختلف قومیتوں اور برادریوں کے معززین اور افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھر پور اعتماد کا اظہار کیا۔ اجتماع میں متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، ممبر قومی اسمبلی سید آصف حسنین، صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولائیت، پنجاب کے رہنماء عنصر علی بُٹر سمیت ضلعی آرگنائزر شیخوپورہ محمد علی جواد نے شرکت کی۔ ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مغل برادری، رانا برادری، جٹ برادری کے معززین اور نوجوانوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے نظریاتی طور پر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کی ہے کیونکہ ہم یہ جان چکے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ملک کے وہ عظیم رہنما ہیں جن کے قول و فعل میں کوئی تضاد نہیں ہے اور وہ ملک بھر کے غریب و مڈل کلاس طبقے کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں۔ قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، ممبر قومی اسمبلی سید آصف حسنین نے کہا کہ ایم کیو ایم کی پرامن جدوجہد اہم مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اور اب ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے نے ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کی جانب سے جاری ناانصافیوں اور محرومیوں کے خلاف عملی جدوجہد کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے مغل برادری، رانا برادری، جٹ برادری کے معززین، نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ نئے شامل ہونے والوں میں نمایاں طور پر رانا عباس علی، شمس رضا، محمد آصف، محمد زیشان، ابرار پنوں، محمد نوید، ملک شہباز، رانا افتخار اور چوہدری اصغر شامل ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق عوامی خدمات کی زندہ مثالیں قائم کر چکی ہے، حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین جوتھل میں منعقدہ بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت۔۔۔30، اکتوبر 2009ء

گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے حلقہ GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق عوامی خدمات کی زندہ مثالیں قائم کر چکی ہے اور حق پرست امیدواران انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد گلگت بلتستان کے مسائل اور دیرینہ مسائل حل کر کے عوام کی نظروں میں ضرور سرخرو ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے جوتھل میں منعقدہ بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر

میٹنگ سے حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین،صوبائی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یاور جمیل،ایم کیوایم علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین اور اظہر حسین نقوی نے بھی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں کیپٹن(ر)ہادی حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی وخوشحالی اور دیرینہ مسائل کا حل یہاں کے عوام کے ہاتھوں میں ہی ہے،12نومبر کو ہونے والے انتخابات میں گلگت بلتستان کے عوام حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرا کر اپنے کیلئے ترقی وخوشحالی کے دروازے کھول دیں گے اور ماضی میں بار بار منتخب ہوکر بھی عوام کے مسائل حل نہ کرنے والوں کو مسترد کردیں۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ملک بھر کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کی آواز بن چکا ہے اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کو جس طرح سے پذیرائی مل رہی ہے وہ حق پرستی کے مشن،مقصد اور نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12نومبر کے انتخابات میں پتنگ کے انتخابی نشان پر اپنی مہر لگائیں اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## حق پرست امیدوار کامل جان کی انتخابی مہم،ہنزہ میں انتخابی جلسہ عام اور ریلی کا انعقاد

## الطاف حسین نازک ترین حالات میں ملک کی سالمیت اور استحکام کیلئے عملی طور پر جدوجہد کررہے ہیں،جلسہ عام سے مقررین کا خطاب

## ہنزہ سے تعلق رکھنے والے پیپلز یوتھ صدر 195وارڈ نیک نام کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

ہنزہ۔۔۔30،اکتوبر2009ء

حلقہ GBLA-6ہنزہ کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کامل جان کی انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں ہنزہ کے علاقے کریم آباد میں انتخابی جلسہ عام اور ریلی کا انعقاد کیا گیا ۔انتخابی ریلی ہنزہ کے علاقوں علی آباد،رحیم آباد،حیدرآباد سے گزرتی ہوئی جلسہ گاہ کے مقام کریم آباد پر اختتام پذیر ہوئی۔جلسہ عام میں ہنزہ کے مختلف علاقوں کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی وہ فلک شگاف انداز میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔اس موقع پر ہنزہ سے تعلق رکھنے والے پیپلز یوتھ صدر 195وارڈ کے سینئر وائس صدر پی ایس الف ڈسٹرکٹ ویسٹ نیک نام نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا جبکہ جلسہ عام کے شرکاء نے 12نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔انتخابی جلسے کے شرکاء سے حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف،ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ،عابد زیدی اور حق پرست امیدوار کامل جان نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نازک ترین حالات میں ملک کی سالمیت اور تحفظ کیلئے عملی طور پر جدوجہد کررہے ہیں اور اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے کردار کو محبِّ وطن عوام میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی،انتہاء پسندی کے عفریت کے خلاف قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سب سے پہلے آواز بلند کی اور بنا نگ دہل طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے ملک بھر کے عوام اور حکمرانوں کو آگاہ کیا لیکن افسوس کے بعض نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کی سازش کے بیان کردہ حقائق کو مفروضہ قرار دیا مگر آج زمینی حقائق ثابت کررہے ہیں کہ جناب الطاف حسین کل بھی سچ کہہ رہے تھے اور آج بھی سچائی بیان کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انقلابی تحریک ہے،اسکا مقصد دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کی طرح اقتدار کا حصول نہیں ہے بلکہ عوام کے اجتماعی مسائل کا حل اور مفادات کا حصول ہے۔انہوں نے جلسہ عام کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 12نومبر کے دن اپنا حق رائے دہی ضرور استعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر انہیں زیادہ سے زیادہ اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## حق پرست قیادت گلگت بلتستان میں ترقی وخوشحالی کے نئے دریچے کھولے گی،صلاح الدین،عبدالوسیم

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں گلگت بازار،NLIمارکیٹ،ڈار پلازہ اور ہنزہ چوک کا دورہ

## تاجروں اور دکانداروں سے ملاقاتیں،انتخابات میں تعاون کی اپیل،عوامی اجتماعات میں گفتگو

گلگت۔۔۔30،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین اور عبدالوسیم نے 12نومبر کو گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں گلگت بازار، NLIمارکیٹ،ڈار پلازہ اور ہنزہ چوک کا دورہ کیا اور تاجروں اور دکانداروں سے ملاقاتیں کرکے ان سے انتخابات میں حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے کامیاب

کرانے کی اپیل کی۔اس موقع پرایم کیوایم گلگت بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی بھی موجود تھے۔دورے کے موقع پرمختلف جگہوں پر چھوٹے بڑے عوامی اجتماعات میں گفتگو کرتے ہوئے صلاح الدین اورعبدالوسیم نے کہا کہ ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقے سے جنم لیا ہےاوروہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کےعوام کے غضب شدہ حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کے فکروفلسفہ اورنظریئے سے خوفزدہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ نظام کوتحفظ دینے والی قوتیں ایم کیوایم کے خلاف سرگرم رہی اورانہوں نے سازش کے تحت ایم کیوایم پرمن گھڑت اور بے بنیادالزامات عائد کرکے اس کا راستہ ملک بھر میں روکا لیکن آج ایم کیوایم کی حب الوطنی دنیا کے سامنے آچکی ہےاوراس پرمن گھڑت الزامات لگانے والے ذلیل ورسواہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں حق پرست قیادت قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے پرعمل پیرارہے گی اور یہاں ترقی وخوشحالی کے دریچے کھولے گی۔

## ایم کیوایم کے تحت گلگت،اسکردو،گگراورشگر میں مفت طبی سہولیات سے جمعرات کو2940 مریضوں نے استفادہ کیا

## طبی کیمپس 3دن تک بلاکسی وقفے جاری رہیں گے

اسکردو۔۔۔30،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی ہدایت پرخدمت خلق فاؤنڈیشن اورمیڈیکل ایڈکمیٹی کے زیراہتمام گلگت،اسکردو،گگراورشگر میں لگائے گئے سہ روزہ مفت طبی کیمپوں میں جمعرات کو2940افراد کاتفصیلی طبی معائنہ کیا گیااورامراض جلداورچسٹ کے مریضوں کوادویات مفت فراہم کی گئیں۔مفت طبی کیمپ تین دن تک جاری رہیں گے جس میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ماہرامراض جلد،آئی سرجن،ڈینٹل سرجن،آرتھوپیڈک سرجن،جنرل سرجن،جنرل فزیشن اورپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے اپنی خدمات انجام دیں گےاورمریضوں کاتفصیلی معائنہ کرکےانہیں ادویات مفت فراہم کی جائیں گی۔قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرمفت طبی کیمپوں کے انعقادکومقامی افراد نے زبردست انداز میں سراہااورانسانیت کی بلاتفریق خدمت پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کاشکریہ ادا کیااوران کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## دہشت گردوں کی سرپرستی جماعت اسلامی پر پابندی لگائی جائے،سیکٹرانچارجز

کراچی۔۔۔30،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کےسیکٹرانچارجز نے جماعت اسلامی کے ترجمان کے بیان پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی نے سیاست میں اسلحہ کلچر متعارف کرایا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے تھنڈراسکواڈ کے سیاہ کارناموں سے دنیاواقف ہیں۔انہوں نے کہا کہ القاعدہ کی بی ٹیم جماعت اسلامی ہے، جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سےالقاعدہ اوردیگر دہشتگرد تنظیموں کے کارکن برآمد ہوتے رہے  ہیں۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں سری لنکن ٹیم پر حملے سے لےکر جی ایچ کیو میں دہشت گردی کی کاروائی تک میں جماعت اسلامی کے تربیت یافتہ کارکن ڈاکٹرعثمان اوردیگرملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے جہادفنڈ اورجمہوری حکومتوں کیخلاف کام کرنے کےعوض رقم وصول کی،فیکٹریاں لگائی اوربچوں کوامریکہ بھیجا۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دہشت گردمتحدہ قومی موومنٹ سمیت دیگر جماعتوں کے کارکنوں کےقتل میں ملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج بھی ملک میں جاری خودکش حملوں کے لیے جماعت اسلامی کے رہنماء ہی کمسن بچوں کواستعمال کررہے ہیں۔انہوں نے صدرمملکت وزیراعظم اوروزیرداخلہ سےمطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کی سرپرست جماعت اسلامی کیخلاف کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم آئی لینڈسیکٹر یونٹ جزیرہ باباکے کارکن ابوبکر کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔30،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی سیکٹرآئی لینڈیونٹ جزیرہ باباکے کارکن ابوبکر کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کےتمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کےشریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطاکرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔30، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی آئی لینڈ سیکٹر، یونٹ جزیرہ بابا کے کارکن ابوبکر، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن سید منظور کی والدہ محترمہ انور جہاں بیگم اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے کارکن ندیم اختر کی والدہ محترمہ آمنہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆